## 1. RELATIONSHIPS BETWEEN THE BANK AND THE CUSTOMERS

## 1 بینک اور صارفین کے مابین تعلق

1.1 In-case of Savings Account/ AHIA Certificates, the relationship between the Bank and Customer shall be based on the principles of Mudarabah, where the customer is the Rabul Mal and the Bank is the Mudarib.

1.1 سیونگ اکاؤنٹ/ اے ایچ آئی اے سرٹیفکیٹس کی صورت میں، بینک اور صارف کے درمیان تعلق مضاربہ کے اصولوں کے مطابق قائم کیا جائے گا، جہاں صارف رب المال اور بینک مضارب ہوگا۔

1.2 The Bank as the Mudarib, May invest or disinvest, at its sole discretion, monies received by it from the customer in any of the business (the “Business”) of the Bank as it deems fit with the approval of the Shariah Board of Askari Bank Ltd. - Islamic Banking Division.

1.2 بینک بطور مضارب اپنی صوابدید پر کسی بھی کاروبار (''کاروبار'') میں صارف کے ذریعے موصول ہونے والی رقم پر سرمایہ کاری یا ارتداد سرمایہ کاری کرسکتا ہے اگر بینک یہ سمجھتا ہے کہ عسکری بینک لمیٹڈ، اسلامک بینکنگ ڈویژن کے شریعہ ایڈوائزری کی منظوری کے مطابق ہے۔

1.3 All the Customers/AHIA Certificate Holders shall be assigned weightages based on the features of the Accounts and/or AHIA Certificates held by them, such as tenure, profit payment options and other applicable features for the purpose of calculation of profit. The profit sharing ratio weightages applicable to all Account/AHIA Certificate Holders shall be announced, at least 03 working days (or as amended by SBP from time to time), before the begning of period concerned and shall not be changed during the period, and shall be available at the Bank website.

1.3 تمام صارفین/AHIA سرٹیفکیٹ ہولڈرز کو اکاؤنٹس اور/ یا اے ایچ آئی اے سرٹیفکیٹ کی خصوصیات کی بنا پر ویٹیج تفویض کیے جائیں گے، جیسا کہ مدت، منافع کی ادائیگی کا طریقہ اور منافع حساب کتاب کے مقصد کے لیے دیگر قابل اطلاق خصوصیات شامل ہیں۔ تمام اکاؤنٹس/ اے ایچ آئی اے سرٹیفکیٹ ہولڈرز پر منافع کی تقسیم کی شرح ویٹیجز کے اعتبار سے لاگو ہوگی جس کا اعلان متعلقہ مدت کی شروعات سے قبل کم از کم 3 دن کے دوران (یا اسٹیٹ بینک آف پاکستان کی جانب سے وقتاً فوقتاً ترمیم کے مطابق) کیا جائے گا اور مدت کے دوران تبدیل نہیں ہوگی، جو کہ بینک ویب سائٹ پر بھی دستیاب ہوگی۔

1.4 The bank shall share in the profit on the basis of the predetermined percentage of the distributable income of the Business (The “Management Share”.) The distributable income of the business is derived as all income of the business minus all directs cost and expenses incurred in deriving that income. The management share may vary from time to time and shall be available at the Bank upon request.

1.4 بینک کاروبار کی قابل تقسیم آمدنی سے اپنے منافع کو پہلے سے طے شدہ فیصد کی بنیاد پر شیئر کرے گا (''مینجمنٹ شیئر'')۔ کاروبار کی قابل تقسیم آمدنی اخذ کی جاتی ہے کاروبار کی تمام آمدنی میں سے تمام بالواسطہ لاگت اور اخراجات جو اس آمدنی کو حاصل کرنے میں آئے ہیں منہا کر کے مینجمنٹ شیئر وقتاً فوقتاً مختلف بھی ہوسکتا ہے اور بینک میں درخواست کے عوض دستیاب ہوں گے۔

1.5 I/We have no objection and grant my/our explicit permission to Askari Bank Limited-Islamic Banking Services, to commingle my/our funds with your funds or the funds of other depositors including the current deposits within the Mudarabah pool, as and when required.

1.5 مجھے/ ہمیں کوئی اعتراض نہیں ہے اور عسکری بینک لمیٹڈ، اسلامک بینکنگ سروسز کو اپنی واضح اجازت دیتے ہیں، کہ میرے/ ہمارے فنڈز کے ساتھ اپنے فنڈز یا دیگر ڈپازٹ کے فنڈز بشمول کرنٹ ڈپازٹ کو ملالے مضاربہ پول میں، جب بھی ضرورت پڑے۔

1.6 Additional features in respect of Saving Accounts Schemes and AHIA as may be applicable from time to time shall be stipulated in product brochures and at the website of the Bank at www.askaribank.com.pk.

1.6 سیونگ اکاؤنٹ اسکیم اور اے ایچ آئی اے سے متعلق اضافی خصوصیات کا وقتاً فوقتاً اطلاق کیا جائے گا جو پروڈکٹ بروشرز اور بینک کی ویب سائٹ **www.askaribank.com.pk** پر مطلع کیا جائے گا۔

1.7 The account holder(s) agrees and consents that the Bank may, at its discretion, maintain Profit Equalization Reserve (PER) by appropriating such amounts as it deems fit, from Net Income of Pool i.e. the gross income less direct expenses and losses (if any). The Bank may, at its discretion, fully or partly utilize/the amount of PER to improve the returns to the depositors during periods when the pools profits are below market expectations.

1.7 اکاؤنٹ ہولڈر اس بات سے متفق اور رضا مند ہیں کہ بینک اپنی صوابدید پر پول کی خالص آمدنی سے، جو کہ مجموعی آمدنی میں سے براہراست اخراجات اور نقصانات (اگر کوئی ہوں) منہا کرنے کے بعد نکلی ہو اتنی ہی رقم کو مختص کر کے Reserve (PER) Profit Equalization کو برقرار رکھ سکتا ہے۔ پولز کا منافع مارکیٹ کی توقعات سے کم ہونے کی صورت میں بینک اپنی صوابدید پر، PER کی مقدار کو مکمل یا جزوی طور پر استعمال کرسکتا ہے تا کہ اس مدت کے دوران جمع کرانے والوں کے منافع میں بہتری لائی جاسکے۔

1.8 The account holder(s) agrees and consents that the Bank may, at its discretion, maintain investment Risk Reserve (IRR) by appropriating such amounts as it deems fit, out of the account holder(s) profit, for given fully or partly utilized the amount of IRR to offset, Partially or completely, the losses incurred by the pool primarily due to write-offs, and/or loss on sale of the pools investments etc.

1.8 اکاؤنٹ ہولڈر اس بات سے متفق اور رضامند ہے کہ بینک اپنی صوابدید پر مناسب طور پر انویسٹمنٹ رسک ریزرو (IRR) کو برقرار رکھ سکتا ہے، جو کہ علیحدہ کیے گئے اکاؤنٹ ہولڈرز کے منافع میں جیسا کہ مناسب سمجھے، اس ریزرو کو مکمل یا جزوی طور پر استعمال کیا جا سکتا ہے پول میں ہوئے مکمل یا جزوی نقصانات کو بھرنے میں جو کہ بنیادی طور پر رائٹ آفس یا پول انویسٹمنٹ کی فروخت کی نقصان وغیرہ کی صورت میں ہوئے ہوں۔

1.9 Monies deposited by the customers with the Bank under the Current Accounts will be based on Qard (Loan) mode and shall be payable by the Bank upon demand. These funds shall not be subject to clauses 1.1 to 1.8 above the Bank may at its discretion, utilize such funds as it deems fit.

1.9 کرنٹ اکاؤنٹس کے تحت بینک میں صارفین کی جانب سے جمع کرائی گئی رقم قرض کی بنیاد پر ہوگی اور مطالبہ کرنے پر بینک پر واجب الادا ہوگی۔ یہ فنڈز 1.1 تا 1.8 کی شقوں کے تابع نہیں ہوں گے۔ بینک اپنی صوابدید پر ایسے فنڈز کو اپنی مرضی کے مطابق استعمال کرے گا۔